**MOST IMMEDIATE**

No.P&M-3(1)/2021-22
GOVERNMENT OF GILGIT BALTISTAN
DIRECTORATE OF FOOD
GILGIT BALTISTAN

Gilgit dated the 6th May, 2022

To

The Secretary,
Information Department,
Gilgit.

SUBJECT: - **PUBLICATION OF NOTICE**.

Publication of attached advertisement (four copies) may please be made in the national and local newspapers having wide circulation in Gilgit-Baltistan as well as throughout country under their classified columns according to following specifications:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Date (s) for Publication | 9-5-2022 |
| 2. | Number of insertion, Page Position, Color. | Three Local and two National Newspapers, in Classified Columns, Black & White |
| 3. | Newspapers | 3 local daily Newspapers<br>2 National (one Urdu and one English) which have wide circulation. |
| 4. | Target i.e. Regional/Language of Media | Rawalpindi and Gilgit-Baltistan in Urdu. |
| 5. | Special position of form box, from page etc. | Nil |

**(IKRAM MUHAMMAD)**
DIRECTOR FOOD
**Ph: 05811-920364**

Copy forwarded to:

1. The Secretary Food, G-B Gilgit
2. The Dy. Director (IT/Monitoring & Legal PPRA, Cabinet Division Islamabad with the request that, the enclosed advertisement may kindly be uploaded on PPRA website.
3. Accounts branch local.

Scanned by TapScanner

# محکمہ سول سپلائی وٹرانسپورٹ گلگت بلتستان

## ٹینڈر نوٹس

## برائے ترسیل گندم سال 2022-23ء

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ سول سپلائی وٹرانسپورٹ گلگت بلتستان کو (PASSCO) پاسکو سنٹرز پنجاب سے بیس گودام اسلام آباد اور اسلام آباد بیس گودام سے گلگت بلتستان کے مختلف بلک، سب بلک، سیل ڈپوز اور ان بلک، سب بلک ڈپوز سے گلگت بلتستان کے تمام سول سپلائی سیل ڈپوز کے لیے ٹینڈر برائے ترسیل گندم مالی سال 2022-23 کیلئے اچھی شہرت کے حامل ٹھیکیداران، فرمز اور ادارے جو پہلے سے محکمہ سول سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ گلگت بلتستان میں انلسٹ ہوں یا انلسٹ ہونا چاہتے ہوں ان سے مورخہ 26 مئی 2022 کو بوقت صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک sealed درخواستیں مطلوب ہیں۔ ٹینڈرز PPRA رول 36 شق نمبر (ب) واحد مرحلہ جاتی دو لفافہ جاتی طریق کار (Single Stage Two Envelop) کے تحت وصول کئے جائینگے پہلے مرحلے میں تکنیکی لفافے اسی دن دوپہر 12:30 بجے کھولے جائیں گے۔ اور کاغذات کے جانچ پڑتال کے بعد مورخہ 31 مئی 2022ء کو کامیاب ٹھیکیداران، فرمز اور اداروں کی لسٹ زیر دستخطی کے دفتر میں آویزاں کی جائے گی دوسرے مرحلے میں تکنیکی مرحلے کے کامیاب شدہ ٹھیکیداران، فرمز اور اداروں کے مالیاتی بولی کے لفافے مورخہ 13 جون 2022 کو ٹھیکیداران، فرمز اور اداروں کی موجودگی میں دن 12 بجے زیر دستخطی کے دفتر میں کھولے جائینگے۔ یاد رہے کہ مورخہ 19 مئی 2022 کو ٹھیکیداران، فرمز اور اداروں کے ساتھ Pre-Bid میٹنگ بوقت صبح 11 بجے زیر دستخطی کے دفتر میں منعقد ہوگی ٹینڈر فارم ودیگر معلومات مورخہ 25 مئی 2022ء تک دفتری اقات میں دفتر زیر دستخطی سے حاصل کر سکتے ہیں۔

**اہلیت وقابلیت برائے تکنیکی ومالی بولی/تجاویز:۔** (Eligibility & Qualification Criteria for Technical & Financial bids)

**(الف) شرائط برائے اے کلاس:۔ (ترسیل گندم پاسکو سنٹرز پنجاب سے بیس گودام اسلام آباد اور اسلام آباد سے بلک ڈپوز، سب بلک ڈپوز اور سیل ڈپوز گلگت بلتستان)**

ا۔ متعلقہ ٹھیکیداران، فرمز اور اداروں کا پچھلے ایک سال کے دوران چالیس کروڑ (400 million) کا بینک ٹرانزیکشن لازمی ہے، جس کے ثبوت کے طور پر شیڈولڈ بنک کا ایک سالہ بینک ٹرانزیکشن جمع کرانا ہوگا۔

۲۔ منقولہ جائیداد میں 120 یا 120 سے زائد ٹرک جو کہ 2500 میٹرک ٹن گندم ایک ساتھ ترسیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں نیز ٹرک کی رجسٹریشن اور ملکیت متعلقہ ٹھیکیدار، فرم یا ادارے کے نام حسب ضابطہ ہوں۔ ٹینڈر کمیٹی (Technical Bid) نتیجہ مشتہر کرنے سے پہلے اگر ضروری سمجھے تو ٹرکوں کا (Physical verification) کرے گی جس کے لیے متعلقہ ٹھیکیداران، فرمز اور ادارے، ٹینڈر کمیٹی کی ہدایت کے مطابق ٹرکوں کو طے شدہ مقام اور تاریخ پر (Physical verification) کے لیے تیار رکھنے کا پابند ہو نگے۔

Scanned by TapScanner

۳۔ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کے نام تازہ ترین غیر منقولہ جائیداد کی مالیت دس کروڑ روپے سے زیادہ ہو جو کہ متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر یا متعلقہ اسسٹنٹ ریونیو آفیسر کی جانب سے حسب ضابطہ جاری کردہ ہو، مذکورہ جاری کردہ جائیداد سرٹیفیکیٹ متعلقہ ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ ریونیو کلکٹر سے تصدیق شدہ ہو۔

۴۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیداروں کا کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے میں متعلقہ کام میں کم از کم پانچ سال کا تجربہ رکھنے کا حسب ضابطہ سند منسلک ہو۔

۵۔ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کی طرف سے کسی بھی سرکاری /نیم سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کے بارے میں 100روپے کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی جمع کرانا ضروری ہے۔

۶۔ سرکاری اور نیم سرکاری ادارہ جات کے علاوہ تمام حصہ لینے والے ٹھیکیداران، فرمز اور ادارے اپنے کردار کے حوالے سے متعلقہ سپرٹنڈنٹ پولیس سے تازہ ترین صداقت نامہ حاصل کر کے منسلک کریں۔

۷۔ ٹھیکیداران و فرمز اور ادارے کو سالانہ تجدیدی (Enlistment/Renewal) فیس کی رسید جمع کرانا ضروری ہے۔

**(ب) شرائط برائے بی کلاس (بلک، سب بلک ڈپوز گلگت بلتستان سے آگے سیل ڈپوز کے لئے ترسیل گندم)۔**

ا۔ متعلقہ ٹھیکیدار فرم اور ادارے کا کسی بھی scheduled بینک سے کم از کم بیس لاکھ کا پچھلے ایک سال کا بنک ٹرانزیکشن کا ریکارڈ جمع کرانا لازمی ہوگا۔

۲ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کے نام تازہ ترین غیر منقولہ جائیداد کی مالیت پچاس لاکھ روپے سے زیادہ ہو جو کہ متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر یا متعلقہ اسسٹنٹ ریونیو آفیسر کی جانب سے حسب ضابطہ جاری کردہ ہو، مذکورہ جاری کردہ جائیداد سرٹیفیکیٹ متعلقہ ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ ریونیو کلکٹر سے تصدیق شدہ ہو۔

۳۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیداروں کا کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے میں متعلقہ کام میں کم از کم تین سال کا تجربہ رکھنے کا حسب ضابطہ سند منسلک ہو۔

۴۔ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کی طرف سے کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کے بارے میں 100روپے کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی جمع کرانا ضروری ہے۔

۵۔ تمام حصہ لینے والے ٹھیکیداران، فرمز اور ادارے اپنے کردار کے حوالے سے متعلقہ سپرٹنڈنٹ پولیس سے تازہ ترین صداقت نامہ حاصل کر کے منسلک کریں۔

۶۔ ٹھیکیداران و فرمز اور ادارے کا محکمہ ہذا سے سالانہ تجدیدی (Enlistment/Renewal) فیس کی رسید جمع کرانا ضروری ہے۔

Scanned by TapScanner

(ج) عمومی قواعد وضوابط بابت مالیاتی وتکنیکی تجاویز برائے ترسیل گندم:۔

ا۔ ٹینڈرز (Technical Bids and Financial Bids) مورخہ 26مئی 2022 کو بوقت صبح 9بجے سے صبح 12 بجے تک زیر دستخطی کے دفتر واقع ڈائیریکٹریٹ آف سول سپلائیز اینڈ ٹرانسپورٹ گلگت بلتستان شاہراہ قائد اعظم جٹیال گلگت میں جمع کرا سکتے ہیں۔ تکنیکی بولی اسی دن دوپہر 12:30 بجے کھولے جائینگے۔ تکنیکی بولی میں کامیاب قرار پانے والے ٹھیکیداروں کی مالیاتی بولی بعد ازاں متعلقہ بولی میں کامیاب ٹھیکیداروں کے موجودگی میں مورخہ 13 جون 2022 کو بوقت دن 12بجے کو زیر دستخطی کے دفتر میں کھولے جائینگے۔

۲۔ ٹینڈر دہندہ گان کو ٹینڈر ریٹ فی کلوگرام گندم کا کرایہ بشمول تمام مروجہ ٹیکسز و ہینڈلنگ بمع لوڈنگ وانلوڈنگ کے تمام اخراجات کے حساب سے دینا ہوگا، نیز ٹینڈر ریٹ اعشاریہ کے بعد دو ہندسوں سے زیادہ ٹینڈر فارم میں اندارج نہ ہووے۔ ٹینڈر فارم میں دو سے زیادہ اضافی اعشاریہ ہندسوں کا اندارج ناقابل قبول قرار پائے گا۔

۳۔ سادہ کاغذ پر، نامکمل، کھلا لفافہ، مقرر کردہ اوقات کے بعد موصول شدہ، مشروط اور 3 فیصد bid securityکے بغیر جمع کردہ ٹینڈر کاغذات قابل قبول نہیں ہونگے۔ یہاں یہ واضح ہووئے کہ ہر سٹیشن کیلئے علیحٰدہ علیحٰدہ Bid Security کا منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ البتہ پاسکو سینٹرز سے اسلام آباد تک (Zone wise Bid Security) جمع کرا سکتے ہیں۔

۴۔ کامیاب ٹھیکیداروں کو کسی بھی Scheduled بینک سے 10% پرفارمنس گارنٹی یا اس کے مساوی مالیاتی آلہ (Financial Instrument) ڈائریکٹر سول سپلائیز اینڈ ٹرانسپورٹ گلگت بلتستان کے نام جمع کرانا ہوگا۔

۵۔ تکنیکی تجویز/بولی کیلئے اہلیت کے معیار (Eligiblity Criteria) کیلئے تعین شدہ تمام شرائط کو پورا کرنا حسب ضابطہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کسی ایک بھی وضع کردہ شق پر پورا نہ اترنے کی صورت میں ٹینڈر درخواست کو حسب ضابطہ مسترد کر دیا جائے گا۔

۶۔ دوران ترسیل گندم کے نقصان کی تمام تر زمہ داری ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کی ہوگی۔

۷۔ قدرتی آفات اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورتحال کی تدارک کیلئے ادارہ حسب ضابطہ قانون National Disaster Management Act, 2010 کے وضع کردہ شق نمبر 32 کے تحت ضابطے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۸۔ مالیاتی بولی اور تیکنیکی بولی کو الگ الگ لفافوں میں سربمہر (Seal) کر کے لفافے پر ٹھیکیدار، فرم، ادارے " Technical Bid " اور "Financial Bid " واضح طور پر لکھ کر جمع کرانا لازمی ہوگا۔

۹۔ ٹھیکیداران وفرمز اور ادارے درجہ زیل اصل کاغذات پیش کر کے کیٹیگری "A" کا ٹینڈر فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

ا۔ دس کروڑ (100 million) مالیت کا تازہ ترین پراپرٹی سرٹیفیکیٹ جاری کردہ اسسٹنٹ کمشنر و اسسٹنٹ ریونیو آفیسر منقولہ جائیداد کے کاغذات اسسٹنٹ کمشنر یا متعلقہ اسسٹنٹ ریونیو آفیسر کی جانب سے حسب ضابطہ جاری کردہ ہو، مذکورہ جاری کردہ جائیداد سرٹیفیکیٹ متعلقہ ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ ریونیو کلکٹر سے تصدیق شدہ ہو۔۔

Scanned by TapScanner

۲۔ رجسٹریشن اتھارٹی سے تصدیق شدہ لسٹ برائے 120 ٹرک جو کہ بیک وقت 2500 ٹن وزن اٹھانے کے صلاحیت رکھتے ہوں۔

۱۰۔ وہ ٹھیکیداران و فرمز اور ادارے جو محکمہ سول سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ گلگت بلتستان کے ساتھ انلسٹ ہونا چاہتے ہیں وہ مورخہ 20 مئی 2022 تک مکمل کاغذات کے ساتھ درخواست دفتر ہذا میں جمع کرا سکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول نہیں ہونگی۔

۱۱۔ ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے یا کمی کی صورت میں ترسیل کے منظور شدہ ریٹس میں کمی بیشی مروجہ ضابطوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جا سکتی ہے، اس سلسلے میں حسب ضابطہ حتمی فیصلہ صوبائی حکومت کی منظوری سے مشروط ہوگا اور صوبائی حکومت کا فیصلہ فریقین کے لئے قابل قبول ہوگا۔

۱۲۔ ڈائریکٹر سول سپلائیز اینڈ ٹرانسپورٹ گلگت بلتستان ایک یا تمام ٹینڈرز مسترد یا منظور کرنے کا مجاز ہوگا۔ ٹینڈر منسوخ ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیداران کو اس امر کی وجوہ سے آگاہ کیا جائے گا۔ مزید برآں ٹینڈر کے منسوخی کے بابت ادارہ کسی قسم کی صفائی دینے کا پابند نہیں ہوگا۔

(اکرم محمد)

ڈائریکٹر سول سپلائیز اینڈ ٹرانسپورٹ گلگت بلتستان

شاہراہ قائداعظم جٹیال گلگت

فون نمبر 05811-920364.

Scanned by TapScanner